1989ء سے مسلسل اشاعت | 5 فروری تا 11 فروری 2021 | شمارہ نمبر 6 | جلد نمبر 33

MC - 547 Price Rs. 70/-

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

ANM AN M TRADING CO
Importer : Paper & Paper Board
Deals in:
OFFSET PRINTING PAPER I.P.M BRAND
Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)
COATED ART PAPER & ART CARD
1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com

IBM™
ISO 9001:2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK
ART PAPER NEVIA
NINGBO FOLD Little Star Bleach Board
pindo deli paper products
Indah Kiat Pulp and Paper Product
SINAR
VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital, Karachi. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-21-32627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل
محمد سلیم بیکیا
چیئرمین





BMG
بزنس مین گروپ
خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

کی کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال
جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد
کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

APP
中華紙業
ZHONGHUA-PAPER

IBM™
ISO 9001:2008
CERTIFIED

# NINGBO GOLD

ISO 14064 SGS · PEFC · China Environment Friendly Enterprise · CQC ISO9001 · CQC ISO14001

## Coated Packaging Board

# ANNOUNCEMENT

**We are going to Lounge the new brand Ningbo Gold very soon**

**Ningbo Gold is a premium coated packaging board with a triple coating on the top side, giving it an excellent smoothness and good printability.**

**Ningbo gold has high ink absorbency and super surface characteristics, which makes it ideal for all premium quality book covers, cards, shopping bags and a wide range pakaging application.**

FIRST ISO 9001:2008 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building,Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE

PAPERLINE GOLD
ExcelPro
PAPERLINE
a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

epX EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
epX pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
epX srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS
Ellustra DRAWING PAPER
enza
foopak
CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS
MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM™
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**
First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

# BIKIYA PAPER MART

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINARROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

CONTACT
Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

CONTACT
Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200
Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
**پبلشر حرا رؤف**
نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**
**ایڈیٹوریل بورڈ**
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

قیمت: 70 روپے
**چارجز**
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# لاہور ہائی کورٹ کا 4810.1910 کے نمونے ایک ماہ میں فراہم کرنے کا حکم

## مدنی پیپر مارٹ کی درخواست پر 29 جنوری کو سماعت کے موقع پر پوری پٹیشن کو بطور امپورٹر موقف بھی کمیٹی میں پیش کرنے کا حکم

لاہور (پیپر بزنس نیوز) دونوں سائڈ کوٹڈ رائٹنگ پیپر کیس کے سلسلے میں لاہور ہائی کورٹ میں آئی بی ایم کے محمد سلیم بیکیا کی رہنمائی میں مدنی پیپر مارٹ کی جانب سے دائر کی گئی پٹیشن نمبر 6152/2021 کی 29 جنوری 2021 کو سماعت ہوئی۔ جس میں کہا گیا ہے کہ ایف بی آر نے یکم جنوری 2021 کو چھ ممبران پر مشتمل ایک کمیٹی برائے کلاسیفکیشن تعین رائٹنگ پیپر قائم کی ہے۔ جس سے امپورٹرز اور پیپر ایسوسی ایشن نے درخواست کی تھی کہ 4810.1910 کے تحت آنے والے پیپر و پیپر بورڈ کے نمونے جس کی کمیٹی کلاسفکیشن کرا رہی ہے اور اس سے متعلق دوسرے شواہد فراہم کئے جائیں تا کہ اس کا موازنہ کلاسیفکیشن سے قبل دوسری پروڈکٹ سے ہو سکے اور کمیٹی کے لیے معاون ثابت ہو۔ لیکن کمیٹی نے اب تک اس درخواست کو منظور نہیں کیا ہے۔ جس پر عدالت عالیہ نے پوری پٹیشن کو بمع منسلکات چیئر مین کمیٹی کو بھیجنے کا حکم صادر کر دیا اور کہا کہ اسے وہ درخواست دہندہ کی جانب سے موقف سمجھا جائے اور یہ کمیٹی کے سامنے پیش کیا جائے اور کمیٹی اس حکم کی وصولی کے ایک ماہ کے اندر اندر اس پر اپنا فیصلہ صادر کرے۔ واضح رہے کہ اس سے قبل فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے اپنے خط مورخہ 7 جنوری 2021ء اور کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے اپنے خط 12 جنوری 2021 میں چیف کلکٹر کسٹم کو 4810.1910 کے نمونے جس کے تعین کے لیے کلاسفکیشن کمیٹی قائم کی گئی ہے فراہم کرنے کے لیے کہا تھا لیکن اس پر بھی اب تک عمل نہیں ہوا ہے اور اب لاہور ہائی کورٹ نے بھی اس کے نمونے فراہم کرنے کے احکامات جاری کر دیئے ہیں۔

# دونوں سائڈ کوٹڈ پرنٹنگ پیپر کیس: کلاسیفکیشن کمیٹی نے ایف بی آر کے احکامات کی دھجیاں اڑا دیں

## بورڈ نے کمیٹی قائم کرتے ہوئے ایک ماہ میں فریقین اور کسٹم کا موقف سننے کے بعد نمونے بمعہ لیب ٹیسٹ رپورٹ جمع کرانے کے احکامات دیئے تھے۔ جواب تک نہیں کرائے گئے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے قائمہ کمیٹی برائے فنانس و ریونیو کی سفارشات کی روشنی میں دونوں سائڈ کوٹڈ پرنٹنگ پیپر کی کلاسیفکیشن کیلئے یکم جنوری کو جو خصوصی کمیٹی قائم کی تھی اس نے بورڈ کے احکامات کی دھجیاں ہوا میں اڑا دی ہیں اور بورڈ کے حکم کے مطابق تیس دن میں اس کی رپورٹ تیار کر کے ایف بی آر کو پیش کرنے میں ناکام رہی ہے۔ بورڈ نے اپنے حکم مورخہ یکم جنوری 2021 میں امپورٹرز اور محکمہ کا موقف سننے کے ساتھ ساتھ کسٹم کی تمام دفعات اس کے نوٹس، ڈبلیو سی او کے وضاحتی نوٹس کے جائزہ اور تمام متعلقہ دستاویزات و نمونے بمعہ لیب ٹیسٹ رپورٹ کے ہمراہ تیس دن میں رپورٹ تیار کر کے بورڈ میں جمع کرانے کا حکم دیا تھا جس کی میعاد یکم فروری کو ختم ہوگئی ہے۔ کمیٹی نے بورڈ کے احکامات کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے اپنے منعقدہ ایک اجلاس میں درآمد کنندگان کو موقف پیش کرنے کا موقع بھی فراہم نہیں کیا اور نہ ہی مقررہ وقت میں رپورٹ جمع کرائی ہے۔

# پروفیشنل ٹیکس کی ادائیگی کے لئے اپیما سدرن زون میں ہیلپ ڈیسک کا قیام

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن نے کہا ہے کہ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن (پروفیشنل ٹیکس) حکومت سندھ کی جانب سے سالانہ ٹیکس کی وصولی کی مہم جاری ہے۔ اس سلسلے میں اراکین کی سہولت کے لئے 2020-21 کے پروفیشنل ٹیکس کے چالان کے اجراء کے لئے خصوصی ہیلپ ڈیسک دفتر ایسوسی ایشن میں قائم کی گئی ہے۔ سہولت سے فائدہ اٹھانے والے اراکین اپنے سابقہ ادا شدہ چالان کی کاپی کے ہمراہ 16 ،فروری تک دفتر ایسوسی ایشن میں رابطہ کریں تا کہ انہیں ادائیگی کے چالان جاری کرائے جاسکیں۔ جو کہ بعد میں آپ کو خود متعلقہ بینک میں جمع کرانا ہوں گے۔ جن حضرات کے پاس پچھلے سال کے چالان کی کاپی نہیں ہے تو وہ نوٹس کی کاپی اپنے وزیٹنگ کارڈ کے ہمراہ بھیج دیں۔ ان کا چالان پچھلے بقایا جات کے ساتھ جاری ہوگا۔

## پلپ کی قیمتوں میں تیزی

### درآمدی پیپر و بورڈ کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) بین الاقوامی مارکیٹ میں اطلاعات کے مطابق پلپ کی قیمتوں میں 900 ڈالر فی ٹن کی بلند ترین سطح پر پہنچنے کے باعث بین الاقوامی مارکیٹ میں پیپر و پیپر بورڈ کی تمام اقسام کی قیمتوں میں زبردست اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ مقامی مارکیٹ میں ایک ہفتے میں پاکستان کی تاریخ میں عمومی حالات میں پہلی مرتبہ پنڈ و آرٹ کارڈ قیمت میں 20 روپے فی کلو اور آرٹ کارڈ ننگبو میں 30 روپے کلو کا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔

(تفصیلی پرائس سروے رپورٹ صفحہ ۱۴ پر ملاحظہ فرمائیں)



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# دکاندار سامان اپنی حدود میں رکھیں، اپیما ناردرن زون ڈیکوریشن کمیٹی



لاہور (پیپر بزنس نیوز) ڈیکوریشن سب کمیٹی، آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن ناردرن زون کا پہلا اجلاس یکم فروری کو عابد رشید نائب صدر اپیما کی صدارت میں دفتر اپیما میں منعقد ہوا، جس میں حسن رضا شیخ صدر۔ محمد شفقت چوہدری نائب صدر۔ ملک وقاص احمد سیکریٹری جنرل ۔ حاجی نواز رفیق سیکریٹری فنانس نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے حسن رضا شیخ صدر اپیما ناردرن زون نے پیپر مارکیٹ میں تجاوزات کے خاتمے کے لئے اپنے ارادے کا اظہار کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ دس دس فٹ تک تجاوزات اور موٹر سائیکلوں کی پارکنگ سے ٹریفک کے بہاؤ میں مشکلات پیش آتی ہیں جسکا ازالہ ضروری ہے۔ ٹریفک پولیس، آپریشنل پولیس اور کارپوریشن عملہ اس سلسلے میں ہر ممکن تعاون کے لئے تیار ہے۔ عابد رشید نائب صدر نے کہا کہ آپ کا تعاون ہی ہماری کامیابی ہے ہر دکاندار اپنے ہمسائیوں کا خیال کرے اور اُنکی دوکان اور کاروبار میں رکاوٹ نہ بنے۔ محمد شفقت چوہدری نائب صدر اپیما، ملک وقاص احمد سیکریٹری جنرل اپیما نے تمام ممبران ڈیکوریشن سب کمیٹی کو تلقین کی کہ آپ اپنا سامان اپنی حدود میں رکھیں ورنہ پولیس محکمہ تہہ بازاری تجاوزات کے خلاف کاروائیوں کا آغاز کر رہی ہے اور اس کی ذمہ داری بذات خود ممبران پر ہوگی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ممبران کمیٹی اپنا سامان اپنی حدود میں رکھیں گے۔

# دنیا کے مختلف ممالک میں ڈیجیٹل کرنسی مقبول ہو رہی ہے، عالمی مالیاتی فنڈ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) دنیا کے مختلف ممالک میں تیزی سے ڈیجیٹل کرنسیز مقبول ہو رہی ہیں۔ عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے اپنے ایک بلاگ میں کہا ہے کہ عالمی سطح پر مختلف ممالک کے مرکزی بینک سرکاری طور پر ڈیجیٹل کرنسی کیلئے اقدامات کر رہے ہیں تاہم دنیا بھر کے تقریباً 80 فیصد کے قریب مرکزی بینکس ڈیجیٹل کرنسی جاری کرنے کی منظوری نہیں دے رہے کیونکہ ان کے موجودہ قوانین میں اسکی اجازت نہیں ہے یا ان ممالک کا لیگل فریم ورک اسکی اجازت نہیں دیتا۔ آئی ایم ایف نے اپنے 174 رکن ممالک کے مرکزی بینکوں کے قوانین کا جائزہ لیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ادارے کے رکن ممالک میں سے صرف 40 کے قریب ممالک کے مرکزی بینکوں نے ڈیجیٹل کرنسی کے اجرا کی منظوری دی ہے۔

## سعودی عرب نے پاکستان سمیت 20 ملکوں پر عارضی سفری پابندی لگادی

ریاض (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) سعودیوں، سفارتکاروں، صحت کارکنان اور ان کے اہل خانہ کے سوا تمام افراد کے سعودی عرب آنے پر عارضی پابندی لگادی گئی، سعودی وزارت داخلہ کے اعلامیہ کے مطابق عمل درآمد بدھ 3 فروری 2021 بدھ سے کیا گیا ہے۔ یہ پابندی 20 ممالک سے آنے والوں پر عائد کی گئی ہے۔ ان میں پاکستان، انڈیا اور امارات کے علاوہ ارجنٹائن، امارات، جرمنی، ریاستہائے متحدہ امریکہ، انڈونیشیا، آئرلینڈ، اٹلی، پاکستان، برازیل، پرتگال، برطانیہ، ترکی، جنوبی افریقہ، برطانیہ، سویڈن، سوئس کنفیڈریشن، فرانس، لبنان، مصر، ہندوستان، اور جاپان بھی شامل ہیں۔


توجہ فرمائیے

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

021-32632362

0308-2933229


# فیڈریشن تجارتی اداروں کے مابین ایک پُل کی حیثیت سے کام کرتا ہے، ناصر مگوں

کراچی (بزنس ڈیسک) میاں ناصر حیات مگوں، صدر ایف پی سی سی آئی نے فرمان اللہ زرکون سی ای او بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ (بی بی آئی ٹی) کے ساتھ ایف پی سی سی آئی ہیڈ آفس کراچی میں تجارتی اداروں کے متعلقہ امور پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایف پی سی سی آئی بلوچستان میں مختلف صنعتوں کے قیام میں بی بی آئی ٹی اور تجارتی اداروں کے مابین ایک پُل کی حیثیت سے کام کرسکتا ہے۔ اجلاس کے دوران سوال جواب کے سیشن کے علاوہ شرکاء اور سی ای او ز ٹیم کے مابین اس موضوع پر تبادلہ خیال ہوا۔ سی ای او، بی بی آئی ٹی کی پیش کش کے دوران انہوں نے بتایا کہ بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لئے صوبے میں آسانی سے کاروبار کرنے کے لئے کام کر رہا ہے۔ بی بی آئی ٹی 2010 میں قائم کیا گیا تھا اور یہ تقریبا تمام شعبوں پر کام کر رہا ہے جہاں ترقیاتی معیشت موجود ہے۔ اس مقصد کے لئے بلوچستان اور سی ای او میں دو معاشی زون قائم کیے جا رہے ہیں، بی بی آئی ٹی بنیادی ڈھانچے جیسے بجلی وغیرہ سے متعلق فوکل پرسن ہے، فیصل آباد میں اس مقصد کے لئے نیپرا کے قوانین میں نرمی کی گئی ہے اور اب اس مقصد کے لئے مخصوص زونز کے ذریعہ بجلی پیدا کی جاسکتی ہے۔ سی ای او، بی بی آئی ٹی نے بتایا کہ صنعت کے قیام میں دلچسپی رکھنے والے تاجروں کو بی بی آئی ٹی کے ذریعہ زمین فراہم کی جائے گی۔ جہاں تک کراچی کا تعلق ہے بی بی آئی ٹی نے کراچی میں قائم تجارتی اداروں کی آسانی کے لئے ڈیفنس فیز 8 میں ایک مقامی دفتر قائم کیا ہے۔

# سعودی عرب، ای ویزا فیملی رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کا اجرا شروع

جدہ (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) سعودی عرب میں پاکستانی سفارتخانے اور قونصلیٹ سمیت دنیا بھر کے پاکستانی مشنز نے وفاقی وزارت داخلہ کی ہدایت پر 31 جنوری سے مینول ویزوں کا اجرا بند کر دیا ہے۔ ریاض میں پاکستانی سفارتخانے اور جدہ میں قونصلیٹ نے تمام درخواست گزاروں سے کہا گیا ہے کہ وہ آن لائن ویزا پورٹل پر ویزے کے لیے اپلائی کریں۔ یکم فروری سے ویزے کے لیے آن لائن درخواستیں دی جاسکیں گی۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# QAZI PAPER MART

*We only deal with IBM products.* IBM

- Coated Art Card
- Art Paper
- Coated Duplex Board
- Sticker Paper
- Offset Printing Paper
- Ivory Card

## For order Contact

IMRAN QAZI Call: 0321-2581981

Email:imranqazi444@gmail.com Ph:32600835 / 32600837

Shop No # 13, Al Hussaini Building. Faiz-M-Fateh Ali Road, Karachi.





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP
USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

IK Signature




**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.
With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4
21x29.7 cm
500 SHEETS
80
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM™

International Business Management
First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk | website : www.ibmpakistan.com

Certified Quality Management System ISO 9001: 2015

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# حکومت غیر ملکی سرمایہ کاروں کو ہراساں کرنے کا نوٹس لے، شپنگ ایسوسی ایشن

کراچی ( بزنس ڈیسک ) حکومت غیر ملکی سرمایہ کاروں کو ہراساں اور بلیک میل کرنے کا نوٹس لے، شپنگ کمپنیوں کے غیر ملکی ملازمین خوف زدہ ہیں ۔ تفصیلات کے مطابق ملکی اور غیر ملکی شپنگ کمپنیوں کی نمائندہ تنظیم آل پاکستان شپنگ ایسوسی ایشن نے صدر پاکستان عارف علوی، وزیر اعظم پاکستان عمران خان سے اپیل کی ہے کہ انھیں بلیک میل کرنے والے ایک چھوٹے سے گروہ سے نجات دلائی جائے ،ایسوی ایشن کا کہنا ہے کہ ہمارے غیر ملکی ارکان نے پاکستان میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کر رکھی ہے، پاکستان کی سمندر کے راستے 70ارب ڈالر تجارت ہمارے ارکان کے ذریعے ہوتی ہے ،تاہم گذشتہ کچھ عرصے سے جرائم پیشہ افراد کا ایک گروہ جھوٹے اور بے بنیاد الزام لگا کر عالمی سطح پر معروف غیر ملکی شپنگ کمپنیوں کو نہ صرف بلیک میل کر رہا ہے بلکہ انھیں دھمکایا بھی جاتا ہے،اس مقصد کے لئے ایک ویب سائٹ کا سہارا لیا جا رہا ہے ، یہ گروہ شپنگ کمپنیوں کے مقامی ڈائریکٹرز اور دیگر ملازمین کو ہراساں کرتا ہے، ایک کے بعد ایک کمپنی کو نشانہ بنایا جارہا ہے، تشویشناک بات یہ ہے کہ اب اس گروہ نے خواتین ڈائریکٹرز اور ملازمین کو نشانہ بنانا شروع کر دیا ہے۔

## جعلی ٹیکس ری فنڈز: صدر مملکت کا ایف بی آر پر اظہار برہمی

اسلام آباد(بزنس ڈیسک) صدر مملکت نے جعلی دعوؤں کی تفتیش میں ناکامی پر ایف بی آر پر اظہار برہمی کیا ہے۔صدر مملکت نے ایف بی آر کو جعلی ٹیکس ری فنڈ کیس میں ایک کروڑ چوالیس لاکھ روپے کی وصولی کا حکم دے دیا اور وفاقی ٹیکس محتسب کے فیصلے کے خلاف ایف بی آر کی جانب سے دائر کردہ اپیل مسترد کر دی۔صدر نے فیصلے میں کہا کہ ایف بی آر کے حکام نے جعلی رسیدوں کی بنیاد پر جعلی رجسٹرڈ پرسن کو ایک کروڑ چوالیس لاکھ سے زائد ٹیکس ری فنڈ کیا، وفاقی ٹیکس محتسب نے ایف بی آر کے علاقائی دفاتر کی جانب سے ری فنڈ کی ادائیگی میں کی جانے والی بے ضابطگیوں کے خلاف سوموٹو کارروائی کی تھی، وفاقی ٹیکس محتسب نے ایف بی آر کو جعلی رسیدوں کی بنیاد پر ادا کی جانے والی رقم وصول کرنے کا حکم دیا تھا۔صدر مملکت نے ایف بی آر کی جانب سے جعلی دعوؤں کی تفتیش میں ناکامی پر اظہار برہمی کرتے ہوئے کہا کہ عہدیداران کی ملی بھگت سے رقم واپس کی گئی اور ذمہ داران کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہوئی، جعل سازوں سے خرد برد کی گئی رقم کی وصولی کی جائے اور قانونی سزا دی جائے، ایف بی آر وفاقی ٹیکس محتسب کے فیصلے کی مخالفت کی بجائے عوام کے پیسے کی وصولی یقینی بنائے۔ایف بی آر نے وفاقی ٹیکس محتسب کے احکامات کے خلاف ایوان صدر میں 74 درخواستیں دائر کر رکھی ہیں۔متعلقہ ریکارڈ کے مطابق ایف بی آر نے جعلی رجسٹرڈ پرسنز کو 87 کروڑ روپے سے زائد ری فنڈ کی منظوری دی جس میں سے 22 کروڑ سے زائد رقم پہلے ہی ادا ہو چکی ہے۔

## پاکستان آنے والے مسافروں کیلئے نئے ایس او پیز جاری

اسلام آباد (نیوز ڈیسک ) سول ایوی ایشن اتھارٹی نے بیرون ممالک سے پاکستان آنے والے مسافروں کے لیے نیا سفری ہدایت نامہ جاری کر دیا۔ڈائریکٹر سول ایوی ایشن اتھارٹی عرفان صابر نے کورونا ایس او پیز کے تحت ممالک کو 3 کیٹیگریز میں تقسیم کیا ہے جن میں کیٹیگری اے میں آسٹریلیا، چین، عراق، نیوزی لینڈ، قطر، آئس لینڈ، سری لنکا اور سعودی عرب سمیت 24 ممالک شامل ہیں۔سی اے اے کے مطابق کیٹیگری اے کے مسافروں کے لیے کورونا وائرس ٹیسٹ کروانا لازمی نہیں ہوگا البتہ کیٹیگری بی میں شامل ممالک کے مسافروں کے لیے 72 گھنٹے قبل کی ٹیسٹ رپورٹس لازمی قرار دی گئی ہے، کیٹیگری بی میں وہ ممالک شامل ہیں جو کیٹیگری اے اور سی میں موجود نہیں ہیں۔سی اے اے کے مطابق کیٹیگری سی میں 6 ممالک شامل ہیں جن میں جنوبی افریقا، برطانیہ، برازیل، آئرلینڈ، پرتگال اور نیدر لینڈ ہیں، کیٹیگری سی میں شامل ممالک کے مسافروں کی آمد این سی او سی کی اجازت سے مشروط ہے۔سی کیٹیگری ممالک میں موجود پاکستانی پاسپورٹ ہولڈر کو وطن واپسی کی اجازت ہوگی، نائیکوپ اور پی او سی کارڈ ہولڈر پاکستانی واپسی کے اہل ہوں گے، سی کیٹیگری ممالک کے ڈپلومیٹ اور انکے اہلخانہ پاکستان آسکیں گے۔سی اے اے کے مطابق نوٹی فکیشن یکم سے 28 فروری تک نافذ رہے گا۔

## پہلے 6 ماہ میں ہدف سے زیادہ ٹیکسوں کی وصولیاں

اسلام آباد(بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی رواں مالی سال کے پہلے 7ماہ کے دوران حاصل کردہ ٹیکس وصولیاں مقررہ اہداف سے تجاوز کر گئی ہیں۔رواں مالی سال کے پہلے 7ماہ میں 8.83 فیصد گروتھ کے ساتھ 2550ارب روپے کے مقررہ ہدف کے مقابلے میں 2600ارب روپے جبکہ جنوری 2021 میں 12 فیصد گروتھ کے ساتھ 340ارب روپے مقررہ ہدف کے مقابلے میں 364ارب روپے کی ٹیکس وصولیاں کی ہیں۔اسی طرح رواں مالی سال 2020-21 کے پہلے 7 ماہ میں ٹیکس دہندگان کو 170ارب روپے جبکہ جنوری 2021 میں 20ارب روپے کے ریفنڈز جاری کیے گئے ہیں اور اگلے چند روز میں ٹیکس وصولیوں کے حتمی اعداد و شمار موصول ہونے پر ٹیکس وصولیوں میں مزید کچھ اضافہ متوقع ہے۔

## الٹرنیٹ ڈسپیوٹ ریزولیشن کمیٹی کا قیام

کراچی (بزنس ڈیسک ) حکومت پاکستان ( ریونیو ڈویژن ) نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی الٹرنیٹ ڈسپیوٹ ریزولیشن کمیٹی (اے ڈی آر سی ) کیلئے پینل ممبران کے ناموں کا اعلان کر دیا ہے۔اس ضمن میں جاری کردہ ایس آر او کے مطابق پینل ممبران میں نجی شعبے سے دو افراد شامل کئے گئے ہیں جن میں کے سی سی آئی کے سابق صدر ہارون فاروقی اور نوید احمد شامل ہیں، جبکہ کمیٹی میں شامل دیگر اراکین میں ملتان سے امجد جاوید ہاشمی ایڈووکیٹ، اسلام آباد سے چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ معصوم اختر اور حبیب فخر الدین اور اسلام آباد سے سابق ممبر ایف بی آر ڈاکٹر محمد اقبال شامل ہیں۔

## سید حامد علی ممبر کسٹم پالیسی تعینات، زیبا اظہر ممبر لیگل اینڈ اکاؤنٹنگ مقرر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر کے پاکستان کسٹم سروس کے گریڈ 21 کے افسر سید حامد علی کو ممبر کسٹم پالیسی تعینات کر دیا گیا ہے وہ اس سے قبل ممبر ( لیگل اینڈ اکاؤنٹنگ ) کسٹم فرائض انجام دے رہے تھے ، ان کی جگہ پاکستان کسٹم سروس کی گریڈ 21 کی افسر ڈی جی ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ٹریننگ اینڈ ریسرچ کراچی مس زیبا اظہر کا تبادلہ کر کے ایف بی آر ہیڈکوارٹر میں ممبر ( لیگل اینڈ اکاؤنٹنگ ) کسٹم تعینات کر دیا گیا ہے، ایف بی آر نے مذکورہ تعیناتیوں کا یکم فروری کو نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229



Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



AQNA
Brands

Products of PINDO DELI



ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ ISO 9001:2015 CERTIFIED
International Business Management

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010-11
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010
Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# جعلی کالز کے سلسلے میں اسٹیٹ بینک عوامی آگاہی مہم شروع کرے، صدر مملکت

اسلام آباد(نیوز ڈیسک)صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے سٹیٹ بینک سے کہا کہ وہ جعلی کالز کے ذریعے لوگوں کو لوٹنے والوں کیخلاف سخت کارروائی کیلئے پالیسی وضع کرے۔ پیر یکم فروری کو صدر مملکت نے امریکا میں جعلی کالز کے ذریعے لوگوں کو مالی نقصان پہنچانے کے بڑھتے ہوئے واقعات سے متعلق نیو یارک ٹائمز کے آرٹیکل کو ٹویٹر پر شیئر کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں محتسب سیکرٹریٹ کو جعلی کالز کے ذریعے لوگوں کو اپنی جمع پونجی سے محروم کرنے کے حوالے سے ہزاروں شکایات موصول ہوئی ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ وسیع پیمانے پر انٹرنیٹ بینکنگ استعمال کرنے والے معاشرے بارے یہ اعداد و شمار حیرت انگیز ہیں۔ محتسب سیکرٹریٹ کو ایسی کالز میں ہزاروں شکایات وصول ہوئی ہیں جن میں غریب لوگوں کو اپنی جمع پونجی سے محروم کیا گیا ہے۔ انہوں نے سٹیٹ بینک سے کہا کہ وہ عوام کو آگاہی فراہم کرنے کے لئے موثر پالیسی تشکیل دے۔

# پاکستان کی سب سے زیادہ درآمدات چین اور متحدہ عرب امارات سے ہوئیں

اسلام آباد(بزنس ڈیسک)جاری مالی سال میں پاکستان نے سب سے زیادہ درآمدات چین سے کی ہیں، دوسرے نمبر پر سب سے زیادہ درآمدات متحدہ عرب امارات سے کی گئی ہیں جبکہ سنگاپور سے کی گئی درآمدات تیسرے نمبر پر رہی ہیں۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) کی رپورٹ کے مطابق رواں مالی سال کی پہلی ششماہی میں جولائی تا دسمبر 2020 میں چین سے 5730.084 ملین ڈالر کی درآمدات کی گئی ہیں جبکہ گزشتہ مالی سال کے اسی عرصہ کے دوران چین سے 4878.751 ملین ڈالر کی درآمدات کی گئی تھیں۔ اس طرح گزشتہ مالی سال کے مقابلہ میں رواں مالی سال کی پہلی ششماہی کے دوران چین سے کی جانے والی درآمدات میں 17.44 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ دوسری جانب متحدہ عرب امارات سے کی جانے والی درآمدات بھی 9.39 فیصد کمی سے 3643.20 ملین ڈالر کے مقابلہ میں 3300.862 ملین ڈالر تک کم ہوگئیں تاہم پھر بھی پاکستان نے یو اے ای سے دوسرے نمبر پر سب سے زیادہ درآمدات کی ہیں۔ ایس بی پی کے مطابق رواں مالی سال میں پاکستان نے تیسرے نمبر پر سب سے زیادہ درآمدات سنگاپور سے کی ہیں جو گزشتہ مالی سال کے پہلے چھ ماہ کے مقابلہ میں رواں مالی سال کے اسی عرصہ کے دوران 24.05 فیصد اضافہ سے 1081.356 ملین ڈالر کے مقابلہ میں 1341.440 ملین ڈالر تک پہنچ گئیں۔ اس طرح سعودی عرب سے کی جانے والی درآمدات میں 38.75 فیصد اور امریکا سے کی جانے والی درآمدات میں 1.64 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔

# امریکی ڈالر کی قدر میں مزید 10 پیسے کی کمی

کراچی (بزنس ڈیسک)انٹر بینک میں منگل 2 فروری کو امریکی ڈالر کی قدر میں 10 پیسے کی کمی ہوئی جب کہ اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قدر مستحکم رہی۔ یورو کی قدر میں بھی کمی ریکارڈ کی گئی جب کہ برطانوی پاونڈ کی قدر میں ملا جلا رجحان رہا۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے مطابق منگل 2 فروری کو انٹر بینک میں امریکی ڈالر کی قیمت خریدمزید 1 0 پیسے کی کمی سے 160.20 روپے سے گھٹ کر 160.10 روپے اور قیمت فروخت 160.25 روپے سے گھٹ کر 160.15 روپے ہوگئی جب کہ اوپن کرنسی مارکیٹ میں روپے کے مقابلے ڈالر کی قیمت خرید 160 روپے اور قیمت فروخت 160.30 روپے مستحکم رہی۔ دیگر کرنسیوں میں یورو کی قیمت خرید 1.20 روپے کی کمی سی 193.20 روپے سے گھٹ کر 192 روپے اور قیمت فروخت 1.70 روپے کی کمیسے 195.20 روپے سے گھٹ کر 193.50 روپے ہوگئی جب کہ برطانوی پاونڈ کی قیمت خرید 218 روپے مستحکم رہی اور قیمت فروخت 220 روپے سے گھٹ کر 219.50 روپے ہوگئی۔

## سرحدی گزرگاہوں پر مارکیٹوں کا افتتاح اقتصادی ترقی میں معاون، خواجہ حبیب

لاہور(بزنس ڈیسک)پاک ایران فیڈریشن آف کلچر اینڈ ٹریڈ کے صدر خواجہ حبیب الرحمان نے کہا ہے کہ پاکستان اور ایران کے درمیان دوطرفہ تجارت کے فروغ کیلئے حکومت کے ساتھ صنعتکاروں کو بھی اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایرانی تاجروں سے ویڈیو لنک کے ذریعے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان باضابطہ سرحدوں کے افتتاح اور بڑھتی ہوئی تجارت باہمی اقتصادی ترقی میں مددگار ثابت ہوگی، سرحدی گزرگاہوں کا افتتاح پاکستان اور ایران کے معاشی تعلقات کو مستحکم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے، نئی سرحدی گزرگاہ کے ذریعے ایران اور پاکستان کے درمیان تجارتی لین دین کے علاوہ مسافروں کو بھی قانونی سفری دستاویزات کے ساتھ آنے جانے کی اجازت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ایران اور پاکستان کے درمیان نو سو نو کلومیٹر کی مشترکہ سرحد ہے تاہم اب تک دونوں ملکوں کے درمیان صرف میرجاوہ تفتان بارڈر ہی فعال رہا ہے، پاکستان اور ایران کے درمیان تجارت پر اثر انداز ہونے والی مشکلات اور رکاوٹوں کو دور کیا جائے گا اور اس سلسلے میں دونوں ممالک کے صنعتکاروں پر مشتمل کمیٹیز تشکیل دی جائیں گی جو تجارت اور معاشی تعلقات کو فروغ دے گی۔


A A SERVICES
Nasrullah
0332-3274302
M. Maaz Khan
0349-5115915
Color Copy Paper A4 & Legal Size
Color Fancy Paper and Card in Reels & Sheets
Ismail Center, Shop#5, Tayyabji Road, Opp. Burhani Hospital, Off. Shahrah-e-Liaqauat, Karachi.





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# پیپر و پیپر بورڈ کی بین الاقوامی قیمتیں: آرٹ کارڈ 115، آفسیٹ A4،50 میں 75 ڈالر فی ٹن تک اضافہ

## کاربن لیس میں 10 تا 20 ڈالر، پیکیجنگ بورڈ 150 تا 170 ڈالر، کوٹڈ پیپر 100 ڈالر اور کوٹڈ اسٹیکر میں 105 تا 110 ڈالر اضافہ، عالمی مارکیٹ میں غیر یقینی صورتحال برقرار ہے

کراچی (انٹرنیشنل پرائس سروے رپورٹ) بین الاقوامی پرائس سروے کے مطابق اس ہفتے انڈونیشیا اور چائنا کے مختلف اقسام کے پیپر و پیپر بورڈ کی سی اینڈ ایف قیمتوں میں تیزی کا رجحان ریکارڈ کیا گیا جبکہ انڈیگو اور جی وی کیمیا ریل اور شیٹ بکنگ میں دستیاب نہیں اور عالمی مارکیٹ شپنگ مسائل کی وجہ سے بدستور غیر یقینی صورتحال کا شکار ہے۔ موصول ہونے والی رپورٹ کے مطابق چائنا اور انڈونیشیا کے مختلف اقسام کے پیپر و پیپر بورڈ کی سی اینڈ ایف قیمتوں میں ہونے والی تبدیلی کی تفصیل مندرجہ ذیل ہے۔

انڈونیشیا: آفسیٹ پرنٹنگ پیپر آئی کے ریلز 70 گرام، 750 ڈالر سے بڑھ کر 800 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گئی۔ آئی کے شیٹ 70 گرام، 780 ڈالر سے بڑھ کر 830 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گئی۔ پی پی سی گرے، کاپی میٹ 75، 70 اور 80 گرام، 730 ڈالر سے بڑھ کر 765 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گیا ہے۔ فوٹو کاپیئر باکسز بی ایل سی اور پی پی سی براؤن، 70 گرام، 810 ڈالر سے بڑھ کر 885 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گیا ہے۔ بی ایل سی اور پی پی سی براؤن، 80 گرام، 800 ڈالر سے بڑھ کر 875 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گیا ہے۔ بریف کارڈ آئی کے اوریجنل وائٹ 820 ڈالر سے بڑھ کر 850 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گیا ہے۔

انڈونیشیا/چائنا: کاربن لیس پیپر امپریشن، 2000 CFB_1500 ڈالر سے بڑھ کر 1520 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گیا ہے۔ امپریشن CB،2000_1420 ڈالر سے بڑھ کر 1430 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گیا ہے۔ امپریشن، 2000 CF_1320 ڈالر سے بڑھ کر 1330 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گیا ہے۔ کاربن لیس پیپر گرین اسٹار CFB، _1400 ڈالر سے بڑھ کر 1410 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گیا ہے۔ کاربن لیس پیپر گرین اسٹار CB، _1320 ڈالر سے بڑھ کر 1330 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گیا ہے۔ کاربن لیس پیپر گرین اسٹار، CF_ 1230 ڈالر سے بڑھ کر 1240 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گیا ہے۔ پیکیجنگ بورڈ، ننگبو گولڈ کی شیٹس 850 ڈالر سے بڑھ کر 1000 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گئی ہیں۔ ننگبو گولڈ ہائی بلک کی شیٹس 850 ڈالر سے بڑھ کر 1000 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گئی ہیں۔ ننگبو اسٹار کی شیٹس 875 ڈالر سے بڑھ کر 1045 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گئی ہیں۔ کوٹڈ پیپر چائنا نویا 750 ڈالر سے بڑھ کر 850 ڈالر فی ٹن ہو گیا ہے۔ کوٹڈ آرٹ کارڈ گولڈن کوئن 810 ڈالر سے بڑھ کر 925 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گیا ہے۔ کاسٹ کوٹڈ اسٹیکر پیپر، ویریٹیک اسٹیکر 1935 ڈالر سے بڑھ کر 2040 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گیا ہے۔ AQNA اسٹیکر 1500 ڈالر سے بڑھ کر 1610 ڈالر فی میٹرک ٹن ہو گیا ہے۔

انڈونیشیا اور چائنا کے دیگر برانڈز کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں دیکھی گئی۔

# اسٹیکر، مقامی ڈپلیکس بورڈ، آرٹ پیپر، بلیچ بورڈ، آرٹ کارڈ، آفسیٹ آئی کے اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں تیزی کا رجحان اس ہفتے بھی جاری رہا اور 3 فروری کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی میں 3 روپے فی کلو، میگا ٹاپ میں 4 روپے فی کلو، پنڈو آرٹ کارڈ میں 20 تا 30 روپے فی کلو، نیو یا آرٹ پیپر میں 12 روپے فی کلو، بلیچ بورڈ چائنا میں 3 تا 15 روپے فی کلو، آفسیٹ پیپر آئی کے میں 5 روپے فی کلو، اسٹیکر پیپر میں 50 تا 100 روپے فی پیکٹ اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں بھی اضافہ دیکھنے میں آیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ تمام سائز تمام گرام، 240 روپے سے بڑھ کر 260 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا تمام سائز تمام گرام، 230 روپے سے بڑھ کر 260 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا تمام سائز 80_90_100_105_113_128 اور 150 گرام، 188 روپے سے بڑھ کر 200 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ نیو یا آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز 80_90_100_105_113_128 اور 150 گرام، 188 روپے سے بڑھ کر 200 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ آرٹ پیپر میٹ چائنا تمام سائز تمام گرام 188 روپے سے بڑھ کر 200 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ لاثانی تمام سائز تمام گرام، 91 روپے سے بڑھ کر 94 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ میگا ٹاپ تمام سائز تمام گرام، 86 روپے سے بڑھ کر 90 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا تمام سائز تمام گرام 226 روپے سے بڑھ کر 234 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ بلیچ بورڈ ریئل تمام سائز تمام گرام 222 روپے سے بڑھ کر 225 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی تمام سائز تمام گرام، 210 روپے سے بڑھ کر 225 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ امپورٹڈ آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 205 روپے سے بڑھ کر 210 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی 80 گرام، 560 روپے سے بڑھ کر 565 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پی پی سی F4B _ 70 گرام، 580 روپے سے بڑھ کر 585 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پی پی سی گرے 70 گرام، 415 روپے سے بڑھ کر 420 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 580 روپے سے بڑھ کر 590 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13 _70 گرام، 575 روپے سے بڑھ کر 600 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A-13.5_70 گرام، 595 روپے سے بڑھ کر 620 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے A3 _70 گرام، 1040 روپے سے بڑھ کر 1050 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ سکنیچر 80 گرام، 625 روپے سے بڑھ کر 630 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈ ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2150 روپے سے بڑھ کر 2200 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 2150، روپے سے بڑھ کر 2200 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر YMC چائنا 20x30 سائز، 2050 روپے سے بڑھ کر 2150 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز 2125، روپے سے بڑھ کر 2200 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز، 2150 روپے سے بڑھ کر 2200 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2150 روپے سے بڑھ کر 2200 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔

## 192 ملکوں کیلئے پاکستان کی آن لائن ویزہ کی سفارشات منظور

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی کابینہ نے ملکی تاریخ میں پہلی دفعہ 192 ملکوں کے لئے پاکستانی ویزہ کو آن لائن کرنے کی سفارشات' نیشنل ایسٹ مینجمنٹ اتھارٹی کے قیام کے لئے مسودہ وزارتِ قانون کو بھجوانے تصفیے کے متبادل نظام کے حوالے سے قانون کے تحت غیر جانبدار شخصیات پر مشتمل پینل کی تشکیل کی منظوری دیدی ہے۔ منگل 2 فروری کو وزیر اعظم عمران خان کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## پی آئی اے کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: DGMPC/Paper F4(Legal)21

پیپر سائز، F4 لیگل امپورٹڈ، 80 گرام، تعداد: 1000 ریم۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 فروری 2021

برائے رابطہ: جنرل منیجر پروکیورمنٹ، سپلائی چین مینجمنٹ، کمرشل پرچیز سیکشن، پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن، ایئرپورٹ، کراچی۔

فون: 021-99043304

## یونیورسٹی آف ایجوکیشن کے پیپر و اسٹیشنری کے ٹینڈرز

ٹینڈر حوالہ نمبر: UE/28 اسٹیشنری آئٹمز

ٹینڈر حوالہ نمبر: UE/29

پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد 645 ریم۔

پیپر لیگل سائز، 80 گرام، تعداد: 400 ریم۔

پیپر A4 سائز۔ 70 گرام، تعداد: 1045 ریم

پیپر لیگل سائز، 70 گرام، تعداد: 530 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 فروری 2021

برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، کالج روڈ ٹاؤن شپ، لاہور۔

# کاروباری مواقع

# TENDERS

فون: 042-99262230

## پاکستان نیوی کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 01/2021I&M

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ 17 فروری 2021ء

برائے رابطہ: اسٹور بلاک، پی این ایس کارساز، پروپیلر چیک پوسٹ، حبیب رحمت اللہ روڈ، کراچی۔

فون: 021-45203125

## ڈی جی ایگریکلچر کو پرنٹنگ کی خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 07/Agri/Ext/2020-21

لٹریچر کی پرنٹنگ، تعداد: 100,000 کاپی

بروشر کی پرنٹنگ، تعداد: 50,000 کاپی

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 فروری 2021ء

برائے رابطہ: آفس، ڈائریکٹر جنرل، 21۔ڈیوس روڈ، لاہور۔

فون: 042-99200732-752

## پارکنگ کمپنی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹوکن ٹکٹ کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 فروری 2021ء

برائے رابطہ: سیکریٹری کمپنی، 430۔ امین ٹاؤن، فیصل آباد۔

فون: 041-9330781-82

## یونیورسٹی آف سرگودھا کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

لاٹ نمبر 1، اسٹیشنری آئٹمز۔

لاٹ نمبر 2، پیپر ریم (دو اقسام کے) تعداد: 13950 عدد

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 23 فروری 2021ء

برائے رابطہ: پرچیز آفس، سرگودھا۔

فون: 048-9230110-9230811 EXT:501

## ٹیکس تنازعات کا حل، ایف بی آر کمیٹیوں نے کام شروع کر دیا

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ٹیکس دہندگان کے ٹیکس تنازعات کے حل کیلئے متبادل تنازعات کی 18 کمیٹیوں نے کام شروع کر دیا ہے، ایف بی آر کے مطابق ای فائلنگ کے ذریعے ٹیکس گزار نہایت آسانی کے ساتھ اپنے متعلقہ فیلڈ دفتر جائے بغیر آن لائن طریقہ سے کسی بھی آرڈر کے خلاف اپیل دائر کر سکتے ہیں، ایف بی آر ٹیکس کے مختلف اپیل فورمز بشمول کمشنرز ان لینڈ ریونیو اپیلز، اپیلیٹ ٹربیونل ان لینڈ ریونیو، ہائی کورٹس اور سپریم کورٹ آف پاکستان میں زیر التوا کیسز کو جلد از جلد نمٹانے کیلئے اقدامات کر رہا ہے، ایف بی آر نے اپیل کی پہلی سطح یعنی کمشنرز اپیلز سطح کے طریقہ کار کے ضمن میں یکم جنوری 2021 سے اپیلوں کی الیکٹرانک فائلنگ کے نظام کو متعارف کرایا ہے، جولائی تا دسمبر 2020 میں کمشنرز ان لینڈ ریونیو اپیلز نے مقرر کردہ ہدف 7818 کیسز سے تجاوز کرتے ہوئے 17768 اپیلوں کو نمٹایا، دسمبر 2020 تک کی آخری سہ ماہی میں ہائی کورٹس اور سپریم کورٹ نے 7 ارب 81 کروڑ روپے مالیت ریونیو کے 934 ٹیکس سے متعلقہ کیسز نمٹائے ہیں، اپیلیٹ ٹربیونل ان لینڈ ریونیو نے اسی عرصہ میں 5 ارب 16 کروڑ 80 لاکھ روپے پر مشتمل ریونیو کے 1240 کیسز نمٹائے۔


پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
021-32632362,0308-2933229


## FBR نے ارکان کے تین عہدوں کو ختم کر دیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ جرات مندانہ اصلاحی منصوبوں کے پہلے مرحلے کو عملی جامہ پہنانے کے لئے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ارکان کے تین عہدوں کو ختم/ضم کر دیا ہے اور ارکان کی کُل تعداد کو 13 سے کم کر کے 10 کر دیا ہے۔ ایف بی آر نے جن ارکان کے تین عہدوں کو ختم/ضم کیا ان میں انتظامیہ کے ساتھ ہیومن ریسورس مینجمنٹ (ایچ آر ایم)، آڈٹ کے ساتھ رکن اکاؤنٹنگ اور رکن اسٹریٹجک پلاننگ ریفارمز اور ریفارمز کے ساتھ اسٹیٹسٹکس شامل ہیں۔ سرکاری عہدیداروں کا کہنا تھا کہ اگلے مرحلے میں رکن انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) کا عہدہ بھی ختم کیا جا سکتا ہے جیسا کہ ایف بی آر نے چیف انفارمیشن آفیسر (سی آئی او) کی خدمات حاصل کی تھیں۔ ایف بی آر مشنری کے دائرے میں اس وقت 10 موجودہ ارکان ہیں جن میں ایف بی آر کے رکن ان لینڈ ریونیو (آئی آر) آپریشن، رکن (آئی آر) پالیسی، ممبر فیسی لیٹیشن اور ٹیکس پیئر ایجوکیشن (FATE)، رکن کسٹمز (آپریشن)، رکن کسٹمز (پالیسی)، رکن ٹیکس پیئر آڈٹ، رکن ایڈمن، رکن لیگل، رکن آئی ٹی اور رکن لیگل اور اکاؤنٹنگ شامل ہیں۔ اس وقت ایف بی آر مشنری میں 21 ڈائریکٹر جنرلز ہیں جن کا تعلق کسٹمز گروپ سے ہے۔


FAIR TRADE (Pvt) Limited

A Trusted & Reliable Name For Genuine Trading in Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bullehshah (Packages) | Bleached Board |
| Crown (Fazal Paper) | Duplex Board |

4, Mohammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi. Phones: 021-3262 5600 - 3262 5633

Whatsapp: 0334-0209809 | Fax: (92-21) 32621614 | Email: fairtrade1961@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# اپیل کا فیصلہ ہونے سے پہلے بینک اکاؤنٹس سے رقوم نکالنا ناانصافی ہے، یاسر الیاس

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر سردار یاسر الیاس خان نے کہا ہے کہ ٹیکس دہندگان کے انکم ٹیکس کیس ابھی اپیل کی سطح پر ہوتے ہیں کہ ایف بی آر ان کے بینک اکاؤنٹس سے رقوم نکال لیتا ہے جو سراسر زیادتی اور ناانصافی ہے لہذا انہوں نے مطالبہ کیا کہ ایف بی آر فوری طور پر اس پریکٹس کو بند کرے کیونکہ اس سے ٹیکس دہندگان کا اعتماد متزلزل ہوتا ہے جو معیشت کیلئے نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ انہوں نے کہا جب محکمہ یا کسی کو بھی معلوم نہیں ہوتا کہ اپیل کا فیصلہ کیا ہوگا تو ٹیکس دہندگان کے بینک اکاؤنٹس سے رقوم نکالنے کا کوئی جواز نہیں بنتا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے غیر حقیقی ٹیکس اہداف کو پورا کرنے کے لئے ٹیکس دہندگان کے بینک اکاؤنٹس اٹیچ کرنا کسی بھی صورت میں ایک معقول طریقہ نہیں ہے لہذا انہوں نے مطالبہ کیا کہ ایف بی آر ایسا کرنے سے گریز کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تاجر برادری کے ایک وفد سے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کیا۔ چیمبر کی سینئر نائب صدر فاطمہ عظیم، نائب صدر عبدالرحمٰن خان، چیئرمین فاؤنڈر گروپ میاں اکرم فرید، چیمبر کی ٹیکس کمیٹی کے کنوینر نعیم صدیقی، فلور ملز ایسوسی ایشن کے چیئرمین شیخ طارق صادق، خالد چوہدری اور دیگر میٹنگ میں موجود تھے۔ چیئرمین فاؤنڈر گروپ میاں اکرم فرید نے کہا کہ تاجرو صنعتکار برادری نے کرونا وائرس کے دوران حکومت سے مکمل تعاون کیا اور کاروبار نہ ہونے کے باوجود فیکٹریاں و کاروباری ادارے بند نہ ہونے دیئے جبکہ ورکروں کو بے روزگاری سے بچایا لیکن اس کے بدلے میں ایف بی آر ایسے اقدامات لے رہا ہے جو ٹیکس گزاروں کو پریشان کر رہے ہیں جبکہ حکومت کے لئے بھی بدنامی کا باعث بن رہے ہیں لہذا ان حالات میں کاروبار کرنا مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ آئی سی سی آئی کی ٹیکس کمیٹی کے کنوینر نعیم صدیقی اور فلور ملز ایسوسی ایشن کے چیئرمین شیخ طارق صادق نے کہا کہ گزشتہ دنوں وزیر اعظم عمران خان نے احکامات جاری کئے تھے کہ ٹیکس دہندگان کو پریشان نہ کیا جائے لیکن ایف بی آر نے اس کے برعکس عمل کرنا شروع کر دیا ہے اور غیر یقینی صورت حال پیدا کی جا رہی ہے جس سے حکومت کی اپنی ساکھ متاثر ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس دہندگان کے بینک اکاؤنٹس سے رقم نکالنا سراسر زیادتی ہے لہذا انہوں نے وزیر خزانہ عبدالحفیظ شیخ اور چیئرمین ایف بی آر جاوید غنی سے اپیل کی کہ وہ اس صورت حال کا فوری نوٹس لیں اور محکمہ کو ٹیکس دہندگان کے بینک اکاؤنٹس اٹیچ کرنے سے سختی سے منع کریں۔

# ایف بی آر کا انکم ٹیکس ادا نہ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ

